میں نے چاہا

آپ اور میں

اللہ

کی محبت کے حصار میں آجائیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میں نے چاہا
تمہیں اندھیروں سے بچالوں

میں نے چاہا
تمہارے ہاتھ میں ایک ایسی ٹارچ تھمادوں
حشر کے اندھیروں میں جو تمہارے راستے کو روشن کردے

میں نے چاہا
تمہاری آنکھوں کو ایک ایسے نور سے بھردوں
جس سے جنت کا راستہ تمہارے لئے روشن ہوجائے
اور اس نور سے اور دیے اور چراغ روشن ہوتے جائیں

میں نے چاہا
تمہارے ذہن کی گتھیاں سلجھادوں
تمہاری ساری تھکن اتاردوں۔۔۔

میں نے چاہا
تمہارا ذہن، تمہاری زبان قرآن بن جائے

میں نے چاہا
تمہاری زندگی قرآن میں ڈھل جائے

میں نے چاہا
کلام رسول ﷺ تمہارا کلام بن جائے

میں نے چاہا

تمہارا عمل اتباع رسول ﷺ میں ڈھل جائے

میں نے چاہا
تمہارا دامن، علم کے موتیوں سے بھر جائے

میں نے چاہا
انسانیت کے لیے مسیحا بن جاؤ

میں نے چاہا
عرش کے سائے تلے
موتیوں کے منبروں پر سکون سے بیٹھنا مل جائے

میں نے چاہا
آج کی خوشیوں کو
کل جنت کے تج دیں

میں نے چاہا
آج وقت لگا دیں
زندگی لٹا دیں

اور کل

اللہ کی رضا کو پا لیں۔۔۔

دعاؤں کا طلب گار

نگہت ہاشمی

النور انٹرنیشنل
انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن اینڈ ریسرچ
لاہور، فیصل آباد، کراچی

www.alnoorpk.com
Nighat Hashmi

Nighat Hashmi
Alnoor International
+92 336 4033042